Barbotage *n.* a method of extending the spread of spinal anaesthesia whereby local anaesthetic is directly mixed with aspirated cerebrospinal fluid and reinjected into the subarachnoid space. کمر کی ریڑھ کی ہڈی میں ٹیکہ لگا کر بے ہوش کرنا یا ریڑھ کی ہڈی میں پانی بھر جانے کی صورت میں علاج کے طریقے کا طویل عمل ۔

Barium enema the retrograde introduction of barium sulphate suspension, plus a quantity of air, into the large bowel via a rectal catheter, during fluoroscopy. بیریم سلفیٹ کے محلول اور ہوا مقعد میں سے ٹیوب کے ذریعے بڑی آنت میں پہنچانا ۔

Barium sulphate a heavy insoluble powder used, in an aqueous suspension, as a contrast agent in X-ray visualization of the alimentary tract. بھاری ناحل پذیر پاؤڈر جس کا آبی محلول نظام انہضام کے ایکس رے کے ذریعے معائنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Barium sulphide the chief constituent of depilatory creams. depilatories. بال‌صفا کریم میں استعمال ہونے والا سب سے اہم جزو۔

Barlow's disease infantile scurvy. شیر خوار بچوں میں سکروی کا مرض۔

Barotrauma *n.* injury due to a change in atmospheric or water pressure, *e.g.* ruptured eardrum فضائی یا آبی دباؤ میں ہونے والی تبدیلی کے نتیجے میں لگنے والی چوٹ یا ضرر ۔

Barrier nursing a method of preventing the spread of infection from an infectious patient to others. It is achieved by 'isolation' technique. مریض کو لوگوں سے علیحدہ کرکے دوسروں کو اس متعدی مرض سے بچانے کا طریقہ ۔ *reverse barrier nursing* every attempt is made to prevent carrying infection to the patient. اس طریقہ کار میں مریض کو اس لیے علیحدہ کیا جاتا ہے کہ دوسروں سے کسی بیماری کے جراثیم اس تک نہ پہنچنے پائیں ۔

Bartholinitis *n.* inflammation of Bartholin's glands. فرج کے بیرونی سوراخ کی دو اطراف میں واقع چھوٹے غدودوں کی سوزش ۔

Bartholin's glands two small glands situated at each side of the external orifice of the vagina. Their ducts open just outside the hymen. فرج کے بیرونی سوراخ کی دو اطراف میں واقع چھوٹے غدود ۔

Basal ganglia grey cells at the cerebral base concerned with modifying and co-ordinating voluntary muscle movement. Site of degeneration in Parkinson's disease. دماغ کے نچلے حصے پر واقع سرمئی خلیے ۔

Basal metabolic rate the oxygen consumption is measured when the energy output has been reduced to a basal minimum, that is the patient is fasting and is physically and mentally at rest. The result is expres-

sed in kilojoules (kilocalories) as a percentage of the norm for a subject of the same age, sex and surface area. مکمل آرام کی حالت یعنی جب مریض دماغی اور جسمانی طور پر مکمل آرام کی حالت میں ہوتا ہے اور کھانا پانی بھی ملا ہوتا ہے ۔ ایسے میں اس کی آکسیجن استعمال کرنے کی شرح کی پیمائش کی جاتی ہے جس کو کلو جاؤل کی صورت میں بیان کیا جاتا ہے ۔

Basal narcosis the pre-anaesthetic administration of narcotic drugs which reduce fear and anxiety, induce sleep and thereby minimize postoperative shock. مریض کو آپریشن سے پہلے نیند کی ادویات دینا تا کہ اس کا خوف اور اضطراب کم ہو ۔

Base *n*. (1) the lowest part. سب سے نچلا حصہ ۔ (2) in chemistry, the substance which combines with an acid to form a salt—basal, basic *adj*. اساس ۔

Basic life support a term which describes maintenance of a clear airway and cardiopulmonary function. اس سے مراد ہے سانس کے راستے کا صحیح رکھنا اور دل اور پھیپھڑوں کا صحیح کام کرنا ۔

Basilar-vertebral insufficiency vertebrobasilar insufficiency. دماغ کے پچھلے حصے میں خون کی کمی سے پیدا شدہ علامات ۔

Basilic *adj*. prominent. نمایاں ۔ *basilic vein* on the inner side of the arm بازو کے اندرونی حصے کی ایک ورید ۔ *median basilic* a vein at the bend of the elbow which is generally chosen for venepuncture. کہنی کے جھکاؤ کے قریب ورید جہاں عام طور پر وریدی ٹیکہ لگایا جاتا ہے ۔

Basophil *n*. (1) a cell which has an affinity for basic dyes. وہ خلیہ جو اساسی ڈائیوں کو جذب کرنے کی اہلیت رکھتا ہے ۔ (2) a basophilic granulocyte (white blood cell) which takes up a particular dye its function appears to be phagocytic and it contains heparin and histamine. سفید خلیہ جو مخصوص اساسی ڈائی کو جذب کرتا ہے یہ ہیپارن اور ہسٹامین پر مشتمل ہوتا ہے ۔

Basophilia *n*. (1) increase of basophils in the blood. خون میں اساسی ڈائی کو جذب کرنے والے خلیوں کا اضافہ ۔ (2) basophilic staining of red blood corpuscles. خون کے سرخ خلیوں کو اساسی ڈائی سے رنگنا ۔

Batchelor plaster a type of double abduction plaster, with the legs encased from groins to ankles, in full abduction and medial rotation. The feet are then attached to a wooden pole or 'broomstick'. Alternative to frog plaster, but the hips are free پلستر لگانے کا طریقہ جس میں ٹانگوں پر ٹخنوں سے چڈوں تک پلستر کیا ہوتا ہے اور پاؤں کو لکڑی کے ستون سے لگایا ہوتا ہے لیکن کولہے آزاد ہوتے ہیں ۔

Bath *n*. (1) the apparatus used for bathing. نہانے کے لیے استعمال ہونے والا سامان ۔ (2) the immer-

sion of the body or any part of it in water or any fluid ; or the application of spray, jet or vapour of such a fluid to the body. The term is modified according to تمام جسم یا جسم کے کسی حصے کا پانی یا کسی مائع میں ڈبونا ۔ اس اصطلاح کو مندرجہ ذیل عوامل کی بنا پر تبدیل کیا جاتا ہے ۔ (*a*) temperature, *e.g.* cold, contrast hot, tepid حرارت ۔ (*b*) medium used, *e.g.* mud, sand, water, wax نہانے کے لیے استعمال ہونے والا مائع ۔ (*c*) medicament added *e.g.* Milton, potassium permanganate, saline, sulphur مائع میں ڈالی جانے والی دوائی ۔ (*d*) function of medicament, *e.g.* astringent, disinfectant اس دوائی کی خصوصیات ۔ (*e*) part bathed, *e.g.* arm bath, sitz bath. (*f*) environment, *e.g.* bed bath ماحول *c.f.* hydrotherapy.

Battered baby syndrome the manifestations in an infant of the results of inflicted injury. Described by Caffey in 1957. Widened to battered *child* syndrome by Kempe in 1961: also known as 'child abuse' and 'non-accidental injury'. All these terms reflect the physical injuries done to the child to the exclusion of the emotional problems of the parents 'Child mis-handling' is therefore preferred by many people. battering. والدین کا اپنے جذباتی مسائل پر بچوں کو پیٹنا ۔

Battering *n.* striking another person repeatedly so causing injury : the lesions are frequently multiple involving mainly the head, soft tissues, long bones and the thoracic cage. Clinically, the resulting injuries cannot be unequivocally explained by natural disease or simple accident. Usually there is accompanying psychological damage. Three groups of people are particularly vulnerable—babies, wives (women) and grannies. battered baby syndrome, wife/woman battering, granny bashing. کسی شخص کو ضربیں لگا کر زخمی کرنا ۔ جسمانی چوٹ کے ساتھ ساتھ نفسیاتی نقصان بھی پہنچتا ہے ۔ تین قسم کے لوگوں کے ساتھ ایسا ہوتا ہے ۔ بچے، بیویاں اور دادی نانی وغیرہ ۔

Baypen *n.* proprietary name for mezlocillin. میز لوسلن کا تجارتی نام۔

Bazin's disease (*syn.* erythema induratum) a chronic recurrent disorder, involving the skin of the legs of women. There are deep-seated nodules which later ulcerate دیر تک اور بار بار ظاہر ہونے والا عارضہ جس میں خواتین کی ٹانگوں پر زخم ہو جاتے ہیں ۔

BBA *abbr.* born before arrival (at hospital). اس سے مراد ہے بچے کا زچہ کے ہسپتال پہنچنے سے پہلے پیدا ہو جانا ۔

BCG *abbr* Bacille-Calmette Guerin. An attenuated form of tubercle bacilli : it has lost its power to cause tuberculosis, but retains its antigenic function ; it is the base of a vaccine used for immunization against tuberculosis. بیسیلے کامے گیورن کا مخفف تپ دق کا

کمزور کیا ہوا جرثومہ جو بیماری تو پیدا نہیں کر سکتا مگر اپنی باڈی کی تیاری کا موجب بنتا ہے۔ لہذا اس کے ذریعے تپ دق کی ویکسین تیار کی جاتی ہے۔

Bearing-down *a.* (1) a pseudonym for the expulsive pains in the second stage of labour. بچہ جنانی کی دوسری سٹیج میں ہونے والی دواؤں کا فرضی نام - (2) a feeling of weight and descent in the pelvis associated with uterine prolapse or pelvic tumours. پیٹرو پر وزن محسوس ہونا جبکہ رحم بھی نیچے کو سرکا ہوتا ہے یا پیڑو میں ناسور موجود ہوتا ہے۔

Beat *n.* pulsation of the blood in the heart and blood vessels. دل اور خون کی نالیوں میں دھڑکن۔

Beclamide *n.* an anticonvulsant used in the treatment of epilepsy. (Nydrane.). مرگی کے دوروں کو کم کرنے کی دوا کا تجارتی نام۔

Beclomethasone *n.* anti-asthmatic corticosteroid drug prepared in inhaler or spinhaler. (Becotide, Propaderm.) دمہ کے حملے کو ختم کرنے والی دوا کا تجارتی نام۔

Becosym *n.* proprietary tablets, syrup and ampoules containing aneurine, riboflavine, nicotinamide and pyridoxine. Used in vitamin B deficiency. وٹامن بی کی کمی کے دوران پریڈوکسین ، نکوٹن اسائڈ ، رائبوفلیوین اور اینیورین پر مشتمل گولیاں ، ٹیکے اور شربت۔

Becotide *n.* proprietary name for beclomethasone. بیکلو میتھاسون کا تجارتی نام۔

Bed-bug *n.* a blood-sucking insect belonging to the genus *Cimex*. *Cimex lecturlarius* is the most common species in temperate and *C. hemipterus* in tropical zones. They live and lay eggs in cracks and crevices of furniture and walls. They are nocturnal in habit and their bites leave a route for secondary infection. کھٹمل۔

Bed-sore *c.f.* pressure sore. یہ دو طرح کے زخم ہوتے ہیں ایک میں تو صرف جلد کی اوپر والی تہ خراب ہوتی ہے اور نچلی تہ پر جراثیم حملہ کر سکتے ہیں جبکہ دوسرے کیس میں جلد اندر کی طرف سے پھٹتی ہے ایسے زخموں کو مندمل ہونے میں کئی ہفتے لگ جاتے ہیں اور بعض دفعہ جراحی کی ضرورت بھی پڑتی ہے۔

Bed-wetting *n. c.f.* enuresis. بستر پر پیشاب نکلنا۔

Behaviour *n.* the observable behavioural response of a person to an internal or external stimulus. اندرونی یا بیرونی محرک کے خلاف کسی شخص کا رویہ یا رد عمل - *behaviour modification* in a general sense, an inevitable part of living, resulting from the consistent rewarding or punishing of response to a stimulus. whether that response is negative or positive. Some education systems deliberately employ a behaviour modification approach to maximize learning. تربیت کے ذریعے کسی محرک کے خلاف مثبت یا منفی

رد عمل پیدا کرنا یا تبدیل کرنا ۔

behaviour therapy a kind of psychotherapy to modify observable, maladjusted patterns of behaviour by the substitution of a learned response or set of responses to a stimulus. The treatment is designed for a particular patient and not for the particular diagnostic label which has been attached to him. Such treatment includes assertiveness training, aversion therapy, conditioning and desensitization. نفسیاتی طریقہ علاج جس میں مریض کے رویے یا کسی محرک سے رد عمل کو بتدریج تبدیل کر دیا جاتا ہے ۔

Behaviourism *n.* a word used in psychology to describe an approach which studies and interprets behaviour by objective observation of that behaviour without reference to the underlying subjective mental phenonema such as ideas, emotions and will. Behaviour is a series of conditioned reflexes. نفسیاتی اصطلاح جس سے مراد وہ طریقہ ہے جس میں کسی شخص کے خیالات ، جذبات اور ارادے سے قطع نظر صرف اس کے رویے کا مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

Behcet syndrome described by Behcet in 1937. Starts with ulceration of mouth and/or genitalia with eye changes such as conjunctivits, keratitis or hypopyon iritis. One site may be affected months or years before the others. There may also be skin nodules, thrombophlebitis and arthritis of one or more of the large joints. Pulmonary, gastrointestinal and neurological complications are being increasingly reported. Cause unknown; some favour virus, others an allergic vasculitis. No effective treatment apart from attempts to suppress worst phases with steroids. Blindness may result from ocular complications. بیہست کی 1937ء میں بیان کردہ علامات جن میں منہ اور یا صرف اعضائے تناسل پر زخم اُبھرتے ہیں اور آشوب چشم ، قرنیہ کا ورم وغیرہ ظاہر ہوتے ہیں ۔ ایک جگہ اور دوسری جگہ کے اثرات میں مہینوں یا سالوں کا وقفہ بھی ہو سکتا ہے ۔ جلد پر اُبھار یا کسی بڑے جوڑ پر گنٹھیا بھی ہو سکتا ہے ۔ پھیپھڑوں ، نظام انہضام اور اعصابی تکلیفوں کی شکایت بھی کی جاتی ہے ۔ ان علامات کی وجوہات معلوم نہیں ہو سکتیں بعض لوگوں کے نزدیک وائرس کی پیدا کردہ ہیں اور ان کا علاج بھی دریافت نہیں ہو سکا صرف سٹیرائڈز کی مدد سے وقتی افاقہ ہو سکتا ہے ۔ آنکھوں کی تکلیف سے مریض اندھا بھی ہو سکتا ہے ۔

Bejel *n.* a long-lasting, non-venereal form of syphilis mainly affecting children in the Middle East and Africa. It usually starts in the mouth and then affects the skin, so that it is easily transmitted. It is rarely fatal and is treated with penicillin. دیرپا ، غیر مہلک آتشک جو مشرق وسطیٰ اور افریقہ میں زیادہ تر بچوں میں پائی جاتی ہے ۔ اس کا آغاز منہ سے ہوتا ہے پھر جلد پر آتا ہے جہاں سے یہ آسانی

سے دوسروں تک پہنچ سکتا ہے - یہ مہلک نہیں ہوتا اور پنسلین کے ذریعے اس کا علاج کیا جاتا ہے -

Belching *n.* noisy oral emission of gas, mainly swallowed air, from the gullet and the stomach. ڈکار -

Belladonna *n.* deadly nightshade (*Atropa belladonna*). Powerful antispasmodic. The alkaloid from deadly nightshade is poisonous but from it, atropine and hyoscyamine are extracted. پودا جس سے تشنج دور کرنے کی دوا حاصل کی جاتی ہے - اس پودے سے حاصل ہونے والا الکلائڈ اگرچہ زہریلا ہوتا ہے مگر اس سے اٹروپین اور ھائیو سایامین حاصل کی جاتی ہیں -

Belle indifference the incongruous lack of appropriate emotion in the presence of incapacitating symptoms commonly shown by patients with hysteria. First noted by Janet in 1983. شدید علامات کے دوران ھسٹیریا کے مریضوں میں مناسب جذبات کی بے موقع کمی جن کا مشاہدہ جانٹ نے پہلی دفعہ 1893ء میں کیا تھا -

Bellergal *n.* proprietary combination of phenobarbitone, belladonna alkaloids and ergotamine. Useful for menopausal syndrome, premenstrual tension and migraine. فینو باربی ٹون ، ارگوٹامین اور بیلاڈونا الکلائڈز پر مشتمل دوا کا تجارتی نام -

Bellocq's sound or cannula a curved tube used for plugging the posterior nares. نتھنوں سے رطوبت نکالنے کا آلہ -

Bell's palsy facial hemiparesis from oedema of the seventh (facial) cranial nerve. Cause unknown. چہرے کے عصب کے فالج کی وجہ سے چہرے کی ایک طرف کے پٹھوں کا کمزور ہو جانا جس کی وجہ سے آنکھ بند نہیں ہو سکتی اور بعض مریضوں کی آواز بہت زیادہ اونچی محسوس ہوتی ہے اور ذائقے کی حس بھی چلی جاتی ہے - اس کی وجوہات نا معلوم ہیں اور اچانک ٹھیک بھی ہو جاتی ہے -

Bemegride *n.* a respiratory stimulant ; can be given intravenously. تنفسی محرک جسے وریدی ٹیکے کے ذریعے بھی دیا جا سکتا ہے -

Benactyzine *n.* tranquillizing drug with selective action, producing sense of detachment from environment. Used in anxiety and tension neuroses. مسکن دوا جس سے مریض ماحول سے بے تعلق محسوس کرتا ہے - اسے اضطراب اور ذہنی کھنچاؤ دور کرنے کے لیے دیا جاتا ہے -

Benadryl *n.* proprietary name for diphenhydramine. ڈائفن ھائڈرامین کا تجارتی نام -

Bence-Jones protein protein bodies appearing in the urine of some patients with myelomatosis. On heating the urine they are precipitated out of solution at 50°—60°C ; they redissolve on further heating to boiling point and reprecipitate on cooling. ھڈیوں کے گودے

میں پلازما کے ابنارمل خلیوں کی کثرت والے مریضوں کے پیشاب میں پروٹین کی موجودگی ۔

Bendrofluazide *n.* an oral diuretic of the thiazide group : it decreases the reabsorption of sodium and chloride in the kidney tubules : its duration of action is about 20—24 hours. Used with caution in renal or hepatic failure. (Apnnox. Centyl, Inderetic, Nco-Naclex.) تھائزائڈ گروپ سے تعلق رکھنے والی پیشاب آور دوا ۔ اس کے اثرات 20 سے 24 گھنٹے تک جسم میں رہتے ہیں ۔ جگر یا گردوں کے فیل ہونے کی صورت میں بڑی احتیاط سے دی جاتی ہے ۔

Bends *npl. c.f.* caisson disease. فضائی دباؤ کے یکدم کم ہونے کی صورت میں پیدا ہونے والی تکلیف جو خون میں محلول سے نائٹروجن کے بلبلے کی صورت میں اٹھنے سے ہوتی ہے ۔

Benemid *n.* proprietary name for probenecid. پروبینے سڈ کا تجارتی نام

Benign *adj.*(1) non-invasive, noncancerous (of a growth). بے ضرر افزائش ۔ (2) describes a condition or illness which is not serious and does not usually have harmful consequence. ایسی بیماری جو سنجیدہ قسم کی نہیں ہوتی اورکوئی نقصان نہیں دیتی *benign myalgic encephalomyelitis* (*BME*) a flu-like illness with symptoms including dizziness, muscle fatigue and spasm, headaches and other neurological pain. A high percentage of BME sufferers have a higher level of Coxsackie B antibodies in their blood than the rest of the population. فلو کی طرح کی بیماری جس میں غنودگی ، پٹھوں میں تھکاوٹ اور تشنج ہوتا ہے ۔ سر درد اور اعصابی درد ہوتے ہیں ۔

Bennett's fracture fracture of proximal end of first metacarpal involving the articular surface. کلائی اور انگلیوں کے درمیان کی ہڈی کا ٹوٹنا ۔

Benoral proprietary name for benorylate. بینور یلیٹ کا تجارتی نام ۔

Benorylate *n.* a chemical compound of aspirin and paracetamol. It has antiinflammatory, analgesic and antipyretic properties comparable with aspirin, and acts longer. Significantly less likely to cause hidden bleeding. (Benoral. ایسپرین اور پیراسیٹامول کا کیمیائی مرکب ، یہ درد ، بخار اور سوزش دور کرتا ہے ۔

Benzalkonium *n.* antiseptic with detergent action. Used as 1% solution for skin preparation, 1:20,000—1:40,000 for irrigation of wounds. Incompatible with soap, with loss of activity ڈٹرجنٹ کی خصوصیات رکھنے والا جراثیم کش ۔

Benzathine penicillin a slowly absorbed, long-acting antibiotic which can be given by mouth or intramuscularly. It is effective against most Gram-positive microorganisms – streptococci, staphylococci and pneumococci. (Bicillin, Penidural.) *c.f.* penicillin. آرام سے جذب ہونے لیکن دیرپا اثرات والی جراثیم کش

جسے منہ اور ٹیکے کے ذریعے جسم میں داخل کیا جا سکتا ہے ۔

Benzene *n.* a colourless inflammable liquid obtained from coal tar. Extensively used as a solvent. Its chief importance in the medical sphere is in industrial toxicology. Continued exposure to it results in leucopenia, anaemia, purpura and rarely, leukaemia. پٹرول -

Benzhexol *n.* antispasmodic used mainly for rigidity of parkinsonism. Side effects include dryness of mouth, nausea and vertigo. (Artane.) پارکنسنزم میں دی جانے والی دوا جو تشنج دور کرتی ہے ۔ اس کے مضر اثرات میں منہ کا خشک ہونا اور متلی ہونا شامل ہیں ۔

Benzocaine *n.* relatively non-toxic surface anaesthetic for skin and mucous membranes. Used as dusting powder (10%), ointment (10%), suppositories (5g), and lozenges (1½g). Ocasionally given orally in gastric carcinoma. جلد اور بلغمی جھلیاں کو سن کرنے والی بے ضرر دوا جو اوئنٹمنٹ وغیرہ میں بھی استعمال ہوتی ہے ۔

Benzodiazepines *npl.* a group of minor tranquillizers which have similar pharmacological activities such as reducing anxiety, relaxing muscles, sedating and having hypontic effects. ہلکے قسم کی مسکن ادویات کا گروپ جو اضطراب کم کرتی ہیں ، پٹھوں اور اعصاب کو سکون دیتی ہیں ۔

Benzoic acid an antiseptic and antifungal agent used as a food preservative and in pharmaceutical preparations; also in keratolytic ointments. Rarely given orally owing to irritant effects. Saccharin is a derivative of this acid. جراثیم کش اور اور پھپھوندی مار تیزاب جو بہت سی ادویات میں استعمال ہوتا ہے -

Benzoin *n.* a resin of balsam used as a topical protective and as an expectorant. Friar's balsam بالسم کی رال جو کھانسی دور کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے ۔

Benzphetamine *n.* a drug similar to amphetamine: it can be used orally in the treatment of obesity. ایمفیٹا مین سے ملتی جلتی دوا جو موٹاپا دور کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے -

Benzthiazide *n.* thiazide diuretic. (Exna) diuretics. پیشاب آور تھائزائڈ -

Benztropine *n.* a drug similar to atropine but also has antihistaminic, local anaesthetic and sedative functions. It reduces the muscle rigidity and cramp of parkinsonism. (Cogentin) اٹروپین سے ملتی جلتی دوا جو مسکن اور سن کرنے والی دوا کے طور پر بھی دی جاتی ہے ۔ پارکنسنزم میں پٹھوں کی سختی دور کرتی ہے ۔

Benzylbenzoate aromatic liquid; has ascaricidal properties and is used mainly in the treatment of scabies. خوشبودار مائع جسے خارش ، کھجلی دور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Benzylpenicillin penicillin. پہلی جراثیم کش ہے جسے پنسلین جی بھی

کہتے ہیں ۔ اسے ٹیکے کے ذریعے گرام مثبت اور بہت سے دوسرے جراثیم مارنے کے لیے دیا جاتا ہے ۔

Beogex *n.* proprietary suppository which after insertion releases CO_2 to produce evacuation of the bowel. شافہ جو جسم میں داخل ہونے پر کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس خارج کرتی ہے جس سے انتڑیوں میں حرکت پیدا ہوتی ہے اور فضلے کا اخراج ہوتا ہے ۔

Bephenium hydroxynaphthoate an anthelmintic which is effective against hookworm and roundworm. It is given on an empty stomach at least 1 hour before food. (Alcopar.) ہک وورم اور راؤنڈوورم کے خلاف مؤثر دوا جسے کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے خالی پیٹ دیا جاتا ہے ۔

Beriberi *n.* a deficiency disease caused by lack of vitamin B_1. It occurs mainly in those countries where the staple diet is polished rice. The symptoms are pain from neuritis, paralysis, musular wasting. progressive oedema, mental deterioration and finally, heart failure بیری بیری نامی مرض جو وٹامن بی ون کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔

Berkozide *n.* proprietary name for bendrofluazide. بینڈروفلوازائیڈ کا تجارتی نام ۔

Berylliosis *n.* an industrial disease : there is impaired lung function because of interstitial fibrosis from inhalation of beryllium. Steroids are used in treatment. صنعتی علاقوں میں سانس کے ذریعے بیریلیم کے جسم میں داخلے سے پیدا ہونے والا پھیپھڑوں کا نقص جس کے علاج میں سٹیرائڈز استعمال ہوتے ہیں ۔

Besnier's prurigo an inherited flexural neurodermatitis with impaired peripheral circulation giving rise to dry thickened epidermis and outbreaks of eczema in childhood. Old term for atopic syndrome. eczema. موروثی جلدی مرض جو خارش سے ملتا جلتا ہے ، کھال موٹی ہو جاتی ہے بے چینی اور بار بار کھجلانے سے جلد پر خراشیں پڑ جاتی ہیں ۔

Beta blocker a drug which prevents stimulation of the beta-adrenergic receptors thus decreasing the heart's activity. دل کے فعل کو آہستہ کرنے والی دوا ۔

Betadine a proprietary brand of povidone iodine, available as aerosol spray, surgical scrub, scalp lotion and ointment. مختلف صورتوں میں دستیاب پوویڈون آئیوڈین پر مشتمل دوا کا تجارتی نام ۔

Betaloc *n.* proprietary name for metoprolol.

میٹوپرولول کا تجارتی نام ۔

Betamethasone *n.* a synthetic conticosteroid drug which is effective on low dosage. It is similar to prednisolone. Betnesol, Betnovate.) پریڈ نیسیلون سے ملتی جلتی کورٹیکو سٹیرائیڈ دوا۔

Bethanecol *n.* a compound resembling carbachol in activity, but relatively non-toxic. Used in urinary retention. abdominal distension and myasthenia gravis. (Myotonine.) کارباچول کے

فعل سے مشابہہ فعل والا مرکب مگر اس کے مضر اثرات کا رباچول کی نسبت کم ہوتے ہیں -

Bethanidine *n.* adrenergic neurone blocking, antihypertensive drug. (Esbatal.) سمپتھیٹک نروس سسٹم پر عمل کرکے خون کے دباؤ کو کم والی دوا۔ اس کے مضر اثرات میں دم کشی ، غنودگی اور بے ہوشی شامل ہیں -

Betnesol *n.* proprietary name for betamethasone. بیٹا میتھاسون کا تجارتی نام -

Betnovate *n.* proprietary brand of cream or ointment containing betamethasone. More effective than those containing hydrocortisone, but it can be absorbed through the skin and can produce local or systemic side effects. بیٹا میتھازون پر مشتمل جلد پر لگانے والی کریم یا مالش کا روغن -

Bicarbonate *n.* a salt of carbonic acid. *blood bicarbonate* that in the blood indicating the alkali reserve. Also called 'plasma bicarbonate'. کاربانک ایسڈ کا نمک -

Bicellular *adj.* composed of two cells. دو خلیوں پر مشتمل -

Bicillin *n.* proprietary name for benzathine penicillin. بینزاتھین پنسلین کا تجارتی نام -

Biconcave *adj.* concave or hollow on both surfaces. دونوں سطحوں سے کھو کھلا -

Biconvex *adj.* convex on both surfaces. دونوں سطحوں سے محدب

Bicornuate *adj.* having two horns generally applied to a double uterus or a single uterus possessing two horns. سینگ کی طرح کے دو ابھاروں والا اس سے مراد دوہرا رحم ہے یا اکیلا رحم جس پر سینگوں کی طرح کے دو ابھار ہوں -

Bicuspid *adj.* having two cusps or points. دو نوکوں والا - *bicuspid teeth* the premolars. دو نوکوں والا دانت - *bicuspid valve* the mitral valve between the left antrium and ventricle of the heart. دل کے بائیں خانے کا والو

BID *abbr* brought in (to hospital) dead. مخفف جس سے مراد ہے ایسا مریض جو ہسپتال میں مردہ حالت میں پہنچا ہو -

Bidet *n.* low-set, trough-like basin in which the perineum can be immersed, whilst the legs are outside and the feet on the floor. Can have attachments for douching the vagina or rectum. ڈوش دینے کا برتن ، فرج یا مقعد کے لیے مسہل آلہ -

Bifid *n.* divided into two parts. Cleft or forked.

دو حصوں میں منقسم -

Bifurcation *n* division into two branches—**bifurcate** *adj. vt. vi.*

دو شاخوں میں تقسیم -

Biguanides *npl.* (*syn* diguanides) oral antidiabetic agents. They do not act on the islets of Langerhans but appear to stimulate the uptake of glucose by muscle tissue in diabetic subjects. Unwanted sideeffects include lactic acidosis. ذیابیطس

کے مرض میں دیئے جانے والے مرکب یہ آئیلٹ آف لینگر ھینز پر اثر نہیں کرتے بلکہ پٹھوں کے بافتوں کو گلوکوز جذب کرنے کی تحریک دیتے ہیں

Bilateral *adj.* pertaining to both sides—**bilaterally** *adv.* دونوں اطراف سے متعلق ۔

Bile *n.* bitter, alkaline, viscid, greenish yellow fluid secreted by the liver and stored in the gall-bladder. It contains water, mucin, lecithin, cholesterol, bile salts and the pigments bilirubin and biliverdin. جگر سے خارج ہو کر پتے میں اکٹھا ہونے والا مادہ جو پانی ، میوسن، لیسی تھن وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے *bile ducts* the hepatic and cystic, which join to form the common bile duct صفرا کی نالیاں ۔ *bile salts* emulsifying agents, sodium glycocholate and taurocholate—**bilious, biliary** *adj.* سوڈیم گلائکو چولیٹ اور ٹاروچولیٹ وغیرہ ۔

Bilharzia *n.* Schistosoma. ٹریماٹوڈ وورم جو انسان کے جسم میں داخل ہونے سے پہلے تازہ پانی میں رہنے والے گھونگھوں میں رہتا ہے ۔ اس کی مختلف علاقوں میں مختلف نسلیں ہیں ۔

Bilharziasis *n,* schistosomiasis. شسٹو سوما نامی ٹریماٹوڈ وورم کا انسانی جسم میں داخل ہونا ۔ یہ جلد یا بلغمی جھلیوں کے ذریعے جسم میں داخل ہوتے ہیں اور کسی ایک حصے میں رہ کر کئی سال تک انڈے دے سکتے ہیں ۔ ان کے انڈوں سے بلغمی جھلیاں موٹی ہو جاتی ہیں اور ان سے خون خارج ہوتا ہے جس کی وجہ سے جسم میں خون کی کمی واقع ہو جاتی ہے ۔ اس عضو میں درد ہوتا ہے اور اس کا فعل متاثر ہوتا ہے ۔

Biliary *adj.* pertaining to bile. صفرا سے متعلق ۔ *biliary colic* pain in the right upper quadrant of abdomen, due to obstruction of the gallbladder or common bile duct, usually by a stone : it is severe and often occurs about an hour after a meal ; it may last several hours and is usually steady which differentiates it from other forms of colic. Vomiting may occur. صفرا کی نالی یا پتے میں رکاوٹ عموماً پتھری کی وجہ سے درد جو کہ شدید ہوتا ہے اور کھانا کھانے سے تقریباً ایک گھنٹہ بعد ہوتا ہے ساتھ ہی قے بھی ہو سکتی ہے ۔

Bilious *adj.* (1) a word usually used to signify vomit containing bile. صفرا والی قے ۔ (2) a non-medical term, usually meaning 'suffering from indigestion'. بد ہضمی ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہونے والا غیر طبی لفظ ۔

Bilirubin *n.* a pigment largely derived from the breakdown of haemoglobin from red blood cells destroyed in the spleen. When it is released it is fat-soluble, gives an indirect reaction with Van den Bergh's test and is potentially harmful to metabolically active tissues in the body, particularly the basal nuclei of the immature brain. ہیمو گلوبن کے ٹوٹنے سے حاصل ہونے والا مادہ ، یہ جسم میں بعض خلیوں کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے ۔

Bilirubinaemia *n.* the presence of bilirubin in the blood. Sometimes used (incorrectly) for an excess of bilirubin in the blood. hyperbilirubinaemia. خون میں بائلیروبن کی موجودگی ۔ بعض اوقات اس سے خون میں بائلیروبن کی کثرت مراد ہے ۔

Biliuria *n.* (choluria) the presence of bile pigments in the urine—biliuric *adj.* پیشاب میں صفرا کی موجودگی ۔

Biliverdin *n.* the green pigment of bile formed by oxidation of bilirubin. صفرا میں بائیلروبن کی تکسید سے وجود میں آنے والا سبز مادہ ۔

Billroth's operation partial gastrectomy. Type I : excision of the lower part of the stomach with anastomosis of the remaining part to the duodenum. Type II : resection of the distal end of the stomach with closure of the lines of section and gastrojejunostomy. معدے کی جزوی جراحی ۔ اس کی پہلی قسم میں معدے کے نچلے حصے کو کاٹ کر باقی حصے کو بارہ انگشتی آنت کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے جبکہ دوسری قسم میں معدے کے پرلے حصے کو کاٹ کر چھوٹی آنت کے بالائی حصے سے ملا دیا جاتا ہے ۔

Bilobate *adj.* having two lobes. دو لوؤں والا ۔

Bilobular *adj.* having two little lobes or lobules. دو چھوٹی لوؤں پر مشتمل ۔

Bimanual *adj.* performed with both hands. A method of examination used in gynaecology whereby the internal genital organs are examined between one hand on the abdomen and the other hand or finger within the vagina. دونوں ہاتھوں سے کیا گیا ۔ اس سے مراد وہ طبی معائنہ ہے جس میں ایک ہاتھ پیٹ پر رکھ کر اور دوسرا ہاتھ یا اس کی انگلی کو فرج میں ڈال کر اندرونی اعضاء تناسل کا معائنہ کیا جاتا ہے ۔

Binaural *adj.* pertaining to, or having two ears. Applied to a type of stethoscope. دو کانوں والا ۔ اس سے ایک قسم کی سٹیتھو سکوپ مراد ہے ۔

Binder *n.* type of many-tailed bandage which can be applied to the abdomen to provide external pressure while the internal pressure is decreasing, *e.g.* in childbirth, paracentesis of the abdomen. بہت سے سروں والی پٹی جسے پیٹ پر باندھ کر اندرونی دباؤ کے کم ہونے کی صورت میں بیرونی دباؤ مہیا کیا جاتا ہے مثلاً بچے کی پیدائش کے دوران ۔

Binet's test properly Binet-Simon scale. First used in 1905. A series of graded intelligence tests in which an individual's intelligence level (mental age) is compared with his chronological age. A forerunner of IQ tests. ذہانت کا تجزیہ کرنے کا طریقہ جس میں فرد کی ذہانت کا اس کی عمر کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے ۔ II

Binge-purge syndrome *c.f.* bulimia. اس خلل میں انسان تھوڑے

وقفے میں بار بار بہت سی خوراک کھا جاتا ہے ۔

Binocular vision the focusing of both eyes on one object at the same time, in such a way that only one image of the object is seen. It is not an inborn ability but is acquired in the first few months of life. دونوں آنکھوں کو ایک شے پر مرتکز کرکے اس شے کی ایک شبیہہ دیکھنا ۔ یہ چیز پیدائشی نہیں ہوتی بلکہ ولادت کے چند ماہ بعد ہوتی ہے ۔

Binovular *adj.* derived from two separate ova. Binovular twins may be of different sexes. *c.f.* uniovular *opp.* دو جدا بیضوں سے حاصل شدہ ۔ ایسے جڑواں بچے جنسی طور پر مختلف بھی ہو سکتے ہیں ۔

Biochemistry *n.* the chemistry of life—**biochemical** *adj.* حیاتیاتی کیمیا ۔

Bioengineering *n.* designing sophisticated microelectronic or mechanical equipment for external use by patients: for attachment to patients, or placement inside patients. مریضوں کی سہولت کے لیے آلات بنانے کا انجنیئرنگ کا شعبہ ۔

Bioethics *n.* the application of ethics to biological problems. حیاتیاتی مسائل سے متعلقہ علم الاخلاق

Biofeedback *n.* presentation of immediate visual or auditory information about usually unconscious body functions such as blood pressure, heart rate and muscle tension. Either by trial and error or by operant conditioning a person can learn to repeat behaviour which results in a satisfactory level of body functions. جسم کے غیر شعوری افعال مثلاً فشار خون ، دل کی دھڑکن ، پٹھوں کا کھنچاؤ وغیرہ کے متعلق فوری سمعی وبصری معلومات بہم پہنچانا ۔

Biogastrone *n.* proprietary name for carbenoxolone. کاربینو کسولون کا تجارتی نام ۔

Biohazard *n.* anything which presents a hazard to life. Some specimens for the pathological laboratory are so labelled. ہر وہ شے جو زندہ چیزوں کے لیے خطرناک ہے ۔

Biological age *n.* the term applied to age as assessed from appearance and behaviour, thus some people are old at 40 while others are young at 60. ظاہری طور پر تعین کردہ عمر ۔

Biology *n.* the science of life, dealing with the structure, function and organization of all living things—**biological** *adj.* **biologically** *adv.* علم الحیات

Biopsy *n.* excision of tissue from a living body for microscopic examination to establish diagnosis. جسم سے بافتوں کا کاٹنا تاکہ خردبین میں اُن کا معائنہ کرکے تشخیص کی جا سکے ۔

Bioral *n.* proprietary name for carbenoxolone. کار بینوکسولون کا تجارتی نام ۔

Biorhythm *n.* any of the recurring cycles of physical, emotional and intellectual activity which affect people's lives—

biorhythmic *adj.* زندگی پر اثر انداز اور بار بار واقع ہونے والے جسمانی ، ذہنی اور جذباتی افعال ۔

Biosensors *npl.* non-invasive instruments which measure the result of biological processes, for example local skin temperature and humidity ; or biological response to, for example external pressure. حیاتیاتی افعال کے نتائج ماپنے کے آلات۔

Biotechnology *n.* the use of biological knowlegde in the scientific study of technology and vice versa—**biotechnical** *adj.* **biotechnically** *adv.* علم الحیات کی مدد سے ٹیکنالوجی اور ٹیکنالوجی کی مدد سے علم الحیات کا سائنسی مطالعہ ۔

Biotin *n.* a member of vitamin B complex ; and known as vitamin H and as coenzyme R. Probably synthesized by intestinal flora. Lack of it may cause dermatitis in human beings. وٹامن بی کمپلیکس کا ایک رکن ، جسے وٹامن ایچ یا کوانیزائیم آر بھی کہتے ہیں - اس کی تیاری انتڑیوں میں ہوتی ہے اور اس کی قلت سے جلد کی سوزش واقع ہو سکتی ہے ۔

Biparous *adj.* producing two offspring at one birth. جڑواں بچوں کو جنم دینے والی ۔

Biperiden *n.* a drug which acts on the autonomic nervous system : useful for drug-induced parkinsonism. (Akinaton.) خود اختیاری اعصابی نظام پر اثر کرنے والی ایک دوا ۔

Bipolar *adj.* having two poles. دو قطبین پر مشتمل ۔

BIPP *n.* a pasty mixture of bismuth subnitrate, iodoform, and liquid paraffin. Used as antiseptic dressing in acute osteitis. بسمتھ سب نائٹریٹ ، آیوڈو فارم اور مائع پیرافن پر مشتمل آمیزہ ، ہڈیوں کی سوزش کے دوران جس کی پٹی جراثیم کش کے طور پر کی جاتی ہے ۔

Birth *n.* the act of expelling the young from the mother's body; delivery ; being born. پیدائش ۔ *birth canal* the cavity or canal of the pelvis through which the baby passes during labour. پیڑو کی وہ گزرگاہ جہاں سے بچہ جنائی کے دوران گزرتا ہے ۔ *birth certificate* a legal document given on registration, within 42 days of a birth. پیدائش کا سرٹیفکیٹ ۔ *birth control* prevention or regulation of conception by any means ; contraception. حمل روکنا ۔ *birth injury* any injury occurring during parturition, *e.g.* fracture of a bone subluxation of a joint, injury to peripheral nerve, intracranial haemorrhage. ولادت کے دوران لگنے والی چوٹ ۔ *premature birth* one occurring after the 7th month of pregnancy, but before term. حمل کے سات ماہ کے بعد اور اصل وقت سے قبل پیدائش ۔

Bisacodyl *n.* a synthetic laxative which is not absorbed when taken orally but has a contact stimulant action on the bowel lining. It is also available as

suppositories. (Dulcolax). ملین دوا جو شافہ کی صورت میں بھی دستیاب ہے۔

Bisexual *adj.* (1) having some of the physical genital characteristics of both sexes ; a hermaphrodite. When there is gonadal tissue of both sexes in the same person, that person is a true hermaphrodite. جسمانی طور پر دونوں جنسوں کی خصوصیات رکھنے والا۔ (2) describes a person who is sexually attracted to both men and women. دونوں جنسوں کی کشش رکھنے والا۔

Bisolvin proprietary name for bromhexine برومھیکسین کا تجارتی نام۔

Bistoury *n.* a long narrow knife, straight or curved, used for cutting from within outwards in the opening of a hernial sac, an abscess, sinus or fistula. جراحی میں استعمال ہونے والا ایک چاقو۔

Bitot's spots (*syn.* xerosis conjunctivae) collections of dried epithelium, flaky masses and micro-organisms at the sides of the cornea, A manifestation of vitamin A deficiency. وٹامن اے کی قلت کی وجہ سے آنکھ کے سفید پردے کا خشک ہونا۔

Bitters *npl.* substances, the extracts of which are used as stomachics. وہ اشیاء جن کے عرق ہاضمے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

Bivalve *adj.* having two blades such as in the vaginal speculum. In orthopaedic work, the division of a plaster of Paris splint into two portions-an anterior and posterior half. پلستر کو اگلے اور پچھلے دو حصوں میں تقسیم کرنا۔

Blackhead *n. c.f.* comedone. جلدپر چربیلے غدود کے اخراج کے مقام پر کالے دھبے۔

Blackwater fever a malignant form of malaria occurring in the tropics, especially Africa. There is great destruction of red blood cells, and this causes a very dark coloured urine. ملیریا کی ایک قسم جو افریقہ وغیرہ میں پائی جاتی ہے اس میں مریض کے پیشاب کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے۔

Bladder *n.* a membranous sac containing fluid of gas. گیس یا مائع سے پر جھلی دار تھیلی۔

Blalock-Hanlon operation A surgical opening between the right and left atrium of the heart in patients with complete transposition. دل کے مریضوں کے دل کے دائیں اور بائیں ایٹریم کے درمیان کیا گیا سوراخ۔

Blalock's operation anastomosis of the pulmonary artery (distal to obstruction to the right ventricular outflow) to a branch of the aorta to increase pulmonary blood flow. Most often performed for Fallot's tetralogy. پلمونری شریان کا شہ رگ کے ساتھ جوڑنا تاکہ پھیپھڑوں کو جانے والے خون کو بڑھایا جا سکے۔

Bland *adj.* mild, non-irritating, soothing. ملائم ، نرم ، بے ضرر۔

Blastomyces *n.* a genus of pathogenic yeast-like organisms—

blastomycetic *adj.* خمیر کی طرح کے ضرر رساں جانداروں کی ایک نسل۔

Blastomycosis *n.* granulomatous condition caused by budding, yeast-like organisms called Blastomyces. May affect skin, viscera and bones—**blastomycotic** *adj.* خمیر کی طرح کے ضرر رساں جانداروں کی ایک نسل کی پیدا کردہ تکلیف۔

Blastula *n.* an early stage in development of the fertilized ovum when the morula becomes cystic and infolds to become the gastrula. زرخیز بیضے کی نشوونما کی ایک ابتدائی حالت۔

Bleb *n.* a large blister. *c.f.* bulla, vesicle. بڑا آبلہ۔

Bleeder *n.* one who is subject to frequent loss of blood, as one suffering from haemophilia. وہ شخص جس کے جسم سے اکثر خون کا ضیاع ہوتا ہے۔

Bleeding time the time required for the spontaneous arrest of bleeding from a skin puncture: under controlled conditions this forms a clinical test. جلد چھیدنے اور خون کے خشک ہونے کا وقفہ۔

Blennorrhagia *n.* (1) a copious mucous discharge particularly from the vagina or male urethra. سوزاک۔ (2) Gonorrhoea.

Blennorrhoea *n.* blennorrhagia. سوزاک۔

Bleomycin *n.* an antitu or antibiotic. ایک جراثیم کش۔

Blepharitis *n.* inflammation of the eyelids, particularly the edges—**blepharitic** *adj.* پلکوں کی سوجن۔

Blepharon *n.* the eyelid; palpebra **blephara** *pl.* آنکھ کا چھپر۔

Blepharoplasty *n.* tarsoplasty—**blepharoplastic** *adj.* آنکھ کے چھپر کی پلاسٹک سرجری۔

Blepharoptosis *n.* *c.f.* ptosis—**blepharoptotic** *adj.* آنکھ کے پردے کا پژ مردہ ہونا۔

Blepharospasm *n.* spasm of the muscles in the eyelid. Excessive winking—**blepharospatic** *adj.* آنکھ کے پردے کے پٹھوں کا تشنج۔

Blind loop syndrome resulting from intestinal obstruction or surgical anastomosis ; there is stasis in the small intestine which encourages bacterial growth thus producing diarrhoea and malabsorption. آنتوں میں رکاوٹ یا جراحی کے نتیجے میں وہاں پر جراثیموں کے پلنے کی وجہ سے اسہال وغیرہ ہونا۔

Blind sight following damage to the visual cortex, some patients have been diagnosed blind after traditional testing. However, they may be trained to use functional residual vision. آنکھ کے بیرونی پردے کو نقصان پہنچنے کی صورت میں بعض افراد کو اندھا قرار دیئے جانے کے بعد انہیں باقی ماندہ بصری قوت استعمال کرنے کا طریقہ سمجھانے سے کچھ افاقہ ہو سکتا۔

Blind spot the spot at which the optic nerve leaves the retina. It is insensitive to light. وہ جگہ جہاں بصری عصب پردہ شبکی سے باہر آتی ہے - یہ جگہ روشنی سے غیر حساس ہوتی ہے -

Blister *n.* separation of the epidermis from the dermis by a collection of fluid, usually serum or blood. آبلہ -

Blistering fluid liquor epispasticus, a counterirritant. آبلے ڈالنے والا مائع -

Blocadren *n.* proprietary name for timolol maleate. ٹمولول میلی ایٹ کا تجارتی نام -

Blood *n.* the red viscid fluid filling the heart and blood vessels. It consists of a colourless fluid plasma, in which are suspended the red blood corpuscles, or erythrocytes, the white corpuscles, or leucocytes, and the platelets, or thrombocytes. The plasma contains a great many substances in solution including factors which enable the blood to clot. خون ، سرخ گاڑھا سیال جو دل اور خون کی نالیوں میں موجود ہوتا ہے - یہ پلازمانامی بے رنگ مائع پر مشتمل ہوتا ہے - جس میں خون کے سرخ اور سفید خلیے اور پلیٹ لیٹس موجود ہوتے ہیں - پلازما میں دوسری بہت سی چیزیں بھی موجود ہوتی ہیں جن میں خون کو جمانے والے کیمیائی اجزاء بھی شامل ہیں *defibrinated blood* that in which the fibrin is removed by agitation. فبرن کے بغیر خون *laked blood* that in which the red cells are haemolysed. خون کے سرخ خلیوں کے بغیر خون - *occult blood* blood which is not visible to the naked eye but whose presence can be detected by chemical tests. خون جس کی موجودگی کیمیائی ٹیسٹ کے بغیر معلوم نہیں کی جا سکتی -

Blood bank a special refrigerator in which blood is kept after withdrawal from donors until required for transfusion. خاص قسم کا ریفریجریٹر جس میں خون کی بوتلیں محفوظ کی جاتی ہیں -

Bloodbrain barrier the membranes between the circulating blood and the brain. Some drugs can pass from the blood through this barrier to the cerebrospinal fluid, others cannot, *e g.* streptomycin. خون اور دماغ کے درمیان جھلیاں ، جن میں سے صرف بعض ادویات گزر کر سیری برو سپائنل مائع میں جا سکتی ہیں

Blood casts casts of coagulated red blood corpuscles, formed in the renal tubules and found in the urine خون کے جمے ہوئے سرخ خلیے جو پیشاب کے ذریعے خارج ہوتے ہیں -

Blood clotting primary phase: the vessel closes itself off from circulation and a plug of tiny particles (platelets) collects to fill the gap, attracted by collagen present in the blood vessel walls. Collagen is normally separated from flowing blood by a thin layer of cells which line the vessel wall: blood only comes into contact with collagen when a break occurs in this lining and the

first platelets stick to it. These first two steps—contraction, plug—are normal in haemophilia A and B. Secondary phase: involves coagulation over and through the platelet mass. Plasma coagulation factors are as follows ابتدائی صورت خون کی نالی میں شگاف پڑنے پر وہاں پلیٹ لیٹس اکٹھے ہو جاتے ہیں جو خون کی نالی کی دیواروں میں موجود کولیجن کے ساتھ مل کر شگاف کو پر کرتے ہیں - عام طور پر کولیجن اور خون کے درمیان خلیوں کی ایک باریک تہ موجود ہوتی ہے -

ثانوی صورت : پلیٹ لیٹس پر اور اس میں خون کا جماؤ - پلازما میں جماؤ کے عناصر مندرجہ ذیل ہیں -

عنصر کا نام عنصر

I Fibrinogen فبرینوجن -
II Prothrombin پروتھرومبن -
III Tissue thromboplastin ٹشو تھرومبو پلاسٹن -
IV Calcium ions کیلشیم آئن -
V Proaccelerin پروایکسی لیرین -
VII Factor VII فیکٹر سیون -
VIII Antihaemophilic factor (AHF) اینٹی ہیموفلک فیکٹر
IX Christmas factor کرسمس فیکٹر -
X Stuart factor (Power factor) سٹوارٹ فیکٹر -
XI Plasma thromboplastin antecedent (PTA) پلازما تھرومبوپلاسٹن اینٹی سیڈنٹ (PTA)
XII Hageman factor ہیگے مان فیکٹر
XIII Fibrin-stabilizing factor فبرن سٹیبلائزنگ فیکٹر -

Factor VIII is affected in haemophilia A; Factor IX is affected in haemophilia B (Christmas disease). In von Willebrand's disease there is a deficiency in both Factor VIII and in platelet function. ہیموفیلیا اے میں فیکٹر VIII متاثر ہوتا ہے جبکہ ہیموفیلیا بی میں فیکٹر IX -

Blood count calculation of the number of red or white cells per cubic millimetre of blood, using a haemocytometer. *differential blood count* the estimation of the relative proportions of the different leucocyte cells in the blood. The normal differential count is: polymorphs, 65%—70%, lymphocytes, 20%—25%, monocytes, 5% eosinophils, 0%—3%, basophils, 0%—0.5%. In childhood the proportion of lymphocytes is higher. خون میں سرخ و سفید ذرات کا تناسب معلوم کرنا کتنے ذرات ایک مکعب ملی میٹر خون میں پائے جاتے ہیں -

Blood culture after withdrawal of blood from a vessel, it is incubated in a suitable medium at an optimum temperature, so that any contained organisms can multiply and so be isolated and identified under the microscope, septicaemia. خون کو جسم میں سے نکال کر لیبارٹری میں اس طرح رکھنا کہ اس میں موجودہ جراثیم بڑھ سکیں اور پھر ان جراثیموں کا خردبین سے معائنہ کرکے پہچان کرنا -

Blood formation haemopoiesis. خون کا بننا -

Blood glucose profiles used to make rational adjustments to treatment of individual diabetic

patients. They can show the peaks and troughs and the duration of action of a given insulin preparation, which can vary from patient to patient. Blood samples are taken on fasting, 2 h after breakfast, before lunch, 2 h after lunch, before the evening meal, at bed time and possibly during the night. Some patients are independent for collecting these profiles and do so at home. ذیابیطس کے مریضوں کے انفرادی علاج کے لیے مناسب بندوبست کرنا - مختلف اوقات پر مریضوں کے خون کے نمونے حاصل کیے جاتے ہیں اور معلوم کیا جاتا ہے کہ انسولین کی ایک خوراک کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں -

Blood groups ABO system. There are four groups, A, B, AB and O. The cells of these groups contain the corresponding antigens, A, B, A and B, except group O cells, which contain neither antigen A nor B. For this reason group O blood can be given to any of the other groups and it is known as the 'universal donor'. In the plasma there are agglutinins which will cause agglutination of any cell carrying the corresponding antigen, *e.g.* group A plasma contains anti-B agglutinins ; group B plasma contains anti-A agglutinins ; group O plasma contains both anti-A and Anti-B agglutinins; group AB plasma contains no agglutinins, Group AB is therefore known as the 'universal recipient' and can receive A, B and O blood. خون کے مندرجہ ذیل چار گروپ ہیں A ، B ، A B اور O ، گروپ A کے خلیوں میں اینٹی جن A ، B کے خلیوں میں اینٹی جن B ، AB میں اینٹی جن A اور B اور O کے خلیوں میں نہ اینٹی جن A نہ B دونوں میں سے کوئی بھی نہیں پایاجاتا اسی لیے O گروپ کا خون ہر شخص کو دیا جا سکتا ہے - پلازما میں ایگلوٹینن موجود ہوتے ہیں جو مخالف اینٹی جن کے داخلے پر اس کے ساتھ جڑ جاتے ہیں مثلاً گروپ A کے پلازما میں اینٹی B ایگلوٹینن ہوتے ہیں اور B پلازما میں اینٹی A ایگلوٹینن ہوتے ہیں - گروپ O پلازما میں اینٹی A اور اینٹی B دونوں ایگلوٹینن ہوتے ہیں جبکہ AB پلازما میں کوئی ایگلوٹینن نہیں ہوتے لہذا اسے باقی تمام گروپوں کا خون دیا جا سکتا ہے -

Blood-letting venesection. فصد کھولنا -

Blood plasma *c.f.* plasma. خون کا بے رنگ سیال -

Blood pressure the pressure exerted by the blood on the blood vessel walls, Usually refers to the pressure within the arteries which may be measured in millimetres of mercury using a sphygmomanometer. The arterial blood pressure fluctuates with each heart beat, having a maximum value (the systolic pressure) which is related to the ejection of blood from the heart into the arteries and a minimum value (diastolic pressure) when the aortic and pulmonary valves are closed and the heart is relaxed. Usually values for both systolic and diastolic pressures are recorded (*e.g.* 120/70). hypertension, hypotension. نشار خون

خون کا خون کی نالیوں پر لگایا گیا دباؤ ، عموماً اس سے مراد وہ دباؤ ہے جو شریانوں میں ہوتا ہے اور جسے سفیگمو مینو میٹر کی مدد سے مرکری کے ملی میٹروں میں ماپا جا سکتا ہے ۔ اس کی ایک انتہائی مقدار ہوتی ہے جسے سسٹولک دباؤ کہتے ہیں اور دوسری کم سے کم مقدار جسے ڈایا سٹولک دباؤ کہتے ہیں نارمل حالت میں خون کا دباؤ 120/70 ہوتا ہے ۔

Blood sedimentation rate (BSR). erythrocyte sedimentation rate. (BSR) سٹرک ایسڈ ملے خون کو ایک تنگ ٹیوب میں ڈالا جاتا ہے ۔ خون کے سرخ خلیے نیچے بیٹھ جاتے ہیں اور باقی رہ جانے والے مائع کی ایک گھنٹہ بعد ملی میٹروں میں پیمائش کی جاتی ہے ۔ سرخ خلیوں کو نقصان اور سوزش کی حالت میں خلیوں کے نیچے بیٹھنے کی شرح بڑھ جاتی ہے ۔

Blood serum the fluid which exudes when blood clots ; it is plasma minus the clotting agents. خون کے جمنے کی صورت میں رسنے والا مائع ۔ یہ پلازمہ ہوتا ہے جس میں خون کو منجمد کرنے والے کیمیائی اجزاء موجود نہیں ہوتے ۔

Blood sugar the amount of glucose in the circulating blood ; varies within the normal limits. This level is controlled by various enzymes and hormones, the most important single factor being insulin. *c.f.* hyperglycaemia, hypoglycaemia. خون میں موجود شکر کی مقدار ۔ خون میں اس کے لیول کو اینزائمز اور ہارمونز کی مدد سے کنٹرول کیا جاتا ہے خصوصاً انسولین کی مدد سے ۔

Blood transfusion transfusion. ایک انسان سے لے کر خون دوسرے انسان کے جسم میں داخل کرنا ۔

Blood urea the amount of urea (the end product of protein metabolism) in the blood ; varies within the normal range. This is virtually unaffected by the amount of protein in the diet, when the kidneys which are the main organs of urea excretion are normal. When they are diseased the blood urea quickly rises. *c.f.* uraemia. خون میں یوریا کی مقدار ۔ گردوں کے خراب ہونے کی صورت میں خون میں یوریا کی مقدار میں فوراً اضافہ ہوتا ہے ۔

BLS *abbr.* basic life support. بیسک لائف سپورٹ کا مخفف ۔

'Blue baby' the appearance produced by some congenital heart defects. The appearance, by contrast, of a newborn child suffering from temporary anoxia is described as 'blue asphyxia'. دل کے پیدائشی نقص کی وجہ سے بچے کی ظاہری حالت ۔

Blue pus bluish discharge from a wound infected with *Pseudomonas aeruginosa (pyocyanea).* زخم میں سوڈوموناس اور یجینوسا نامی جرثومے کی موجودگی سے پیدا شدہ نیلی پیپ ۔

Bluxism *n.* teeth clenching ; it can cause headache from

muscle fatigue. دانتوں کا پہنچنا ، اس سے سر میں درد بھی ہو سکتا ہے۔

BME *abbr.* benign myalgic encephalomyelitis. بینائین میالجک اینسیفیلومائی لائیٹس کا مخفف ۔

BMR *abbr.* basal metabolic rate. بیسل میٹا بولک ریٹ کا مخفف ۔

BM stix chemically impregnated 'stick' for estimating the capillary blood sugar by colour change. کیمیکل لگی چھڑی جس کے رنگ کی تبدیلی سے خون میں شکر کی مقدار معلوم کی جاتی ہے ۔

BMT *abbr.* bone marrow transplant / transplantation. *c.f.* transplantation. بون میرو ٹرانسپلانٹ یا ٹرانسپلانٹیشن کا مخفف راجع ٹرانسپلانٹیشن ۔

BNF *abbr.* British National Formulary. راجع ۔ *c.f.* formulary. برٹش نیشنل فارمولری کا مخفف ۔

Body image the image in an individual's mind o his own body. Distortions of this occur in anorexia nervosa. راجع mutilation. کسی شخص کا اپنے جسم کے متعلق تصور ۔

Body language non-verbal symbols that express a person's current physical and mental state. They include body movements, postures, gestures, facial expresssions, spatial positions, clothes and other bodily adornments. الفاظ کے بجائے جسمانی حرکات کی مدد سے موجودہ ذہنی اور جسمانی حالت کا اندازہ لگانا ۔

Boeck's disease a form of sarcoidosis. سارکونڈوسس کی ایک قسم کا مرض ۔

Bohn's nodules tiny white nodules on the palate of the newly born. نوزائیدہ بچے کے تالو پر موجود سفید ابھار ۔

Boil (*syn.* furuncle) an actue inflammatory condition, surrounding a hair follicle ; caused by *Staphylococcus aureus.* Usually attended by suppuration : it has one opening for drainage in contrast to a carbuncle. بال کے جلد میں سے نکلنے کی جگہ پر سوزش جو سٹیفیلو کوکس آریس کی وجہ سے ہوتی ہے اور اس میں پیپ بھی ہوتی ہے ۔

Bolus *n.* (1) a soft, pulpy mass of masticated food. چبائی ہوئی خوراک ۔ (2) a large dose of a drug given at the beginning of a treatment programme to raise the blood concentration rapidly to a therapeutic level. کسی علاج کے آغاز پر دی جانے والی دوا کی مقدار ۔

Bolvidon proprietary name for mianserin. میانسیرن کا تجارتی نام ۔

